**14/05/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  اعجازہ اخترسے خبریں سُنئے**

**پروگرام TB وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلی میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران ملک میں عملائے جا رہے قومی سطح کے ٹی بی مخالف پروگرام کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے حال ہی میں اختتام پذیر سو دنوں پر مشتمل ٹی بی مکت بھارت ابھیان کا بھی جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر بتایا گیا کہ مہم کے دوران لگ بھگ 13 کروڑ افراد کی سکریننگ عمل میں لائی گئی اور سات لاکھ 19 ہزار ٹی بی مریضوں کی نشاندہی کی گئی ۔**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے اسلام آباد کو سخت پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں اب ایسی کوئی جگہ نہیں رہی ہے جہاں دہشت گرد امن کے ساتھ رہ سکیں ۔ کل ائیر فورس سٹیشن آدم پور میں فضائیہ کے جوانوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کے پاس یہ صلاحیت موجود ہے کہ وہ دہشت گردوں کو ان کے گھروں میں ہی ختم کر سکے ۔**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل ٹنگڈار کا دورہ کر کے وہاں پاکستان کی شیلنگ سے متاثر لوگوں کے ساتھ بات چیت کی اور زمینی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ مشکل کی اس گھڑی میں انتظامیہ ان کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی ہے ۔ انہوں نے متاثرین کے لئے حکومت کے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ۔ بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔**

**---------**

**سکول**

**ناظم تعلیم کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے آکاشوانینیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ بارہمولہ ضلع کے اوڑی ، جھولا، چندن واڑی اور بونیار زونز میں آج تعلیمی ادارے بند رہیں گے جبکہ ضلع کے باقی زونز میں تعلیمی اداروں میں معمول کا کام آج بحال ہو رہا ہے ۔ اسی طرح کپواڑہ ضلع میں بھی تعلیمی اداروں میں آج سے تدریسی سرگرمیاں شروع ہو رہی ہیں ۔ تاہم ضلع کے کرنا سب ڈویژن ، کیرن ، مژھل ، بڈ نمبل ، جمہ گنڈ اور کمکاڈی میں سکولوں میں تدریسی عمل آج بھی معطل رہے گا ۔ اس دوران بانڈی پورہ ضلع کے گریز زون میں تعلیمی ادارے احتیاطی اقدام کے طور پر آج بھی بند رہیں گے ۔**

**حج پرواز**

**سرینگر ہوائی اڈے کو پروازوں کے لئے دوبارہ کھولے جانے کے بعد کل چار پروازیں سرینگر پہنچیں اور اس ہوائی اڈے سے چار پروازیں روانہ ہوئیں ۔ ڈائریکٹر ائیر پورٹ سرینگر جاوید انجم نے آکاشوانی سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ ان پروازوں میں کل 935 مسافر اپنی اپنی منزلوں کی طرف روانہ ہوئے ۔**

**دریں اثناءکچھ دن کے وقفے کے بعد آج سرینگر ہوائی اڈے سے حج پروازوں کا سلسلہ بھی شروع ہو رہا ہے ۔ جموں کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے اب سے کچھ دیر پہلے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ آج سرینگر سے 4 پروازوں کے ذریعے 642 عازمین سفر محمود پر روانہ ہو رہے ہیں ۔**

**BJP**

**بی جے پی جموں کشمیر کے صدر ست شرما کی صدارت میں پارٹی کے ایک وفد نے کل سرنکوٹ کا دورہ کر کے وہاں سر حد پار کی شیلنگ سے متاثرین کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔**

**دریں اثناءپارٹی کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے جموں سول سوسائٹی سے اپیل کی ہے کہ وہ 15 مئی کو جموں میں منعقد ہونے والی ترنگا ریلی میں بڑھ چڑھ کر شرکت کریں ۔**

**گاندربل**

**گاندربل کے ڈپٹی کمشنر جتن کشور نے ایک میٹنگ کے دوران تلہ ملہ میں سالانہ کھیر بھوانی میلے کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ شردھالوں کے لئے تمام تر بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں ۔**

**کولگام**

**ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ضلع کے کئی تعلیمی اداروں کا دورہ کر کے ان کے کام کاج کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے وہاں تدریسی عملے پر زور دیا کہ وہ تندہی اور لگن کے ساتھ کام کر کے طلباءکو معیاری تعلیم سے روشناس کرانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگزاشت نا کریں ۔**

**جل جیون مشن**

**جل جیون مشن کے مشن ڈائریکٹر خورشید احمد شاہ نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں حالیہ صورتحال کی وجہ سے متاثرہ واٹر سپلائی سکیموں کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہیں بتایا گیا کہ پورے جمونو کشمیر میں واٹر سپلائی سکیمیں معمول کے مطابق کام کر رہی ہیں۔ انہوںنے کہاکہ مشن کے تمام پروجیکٹونکو اس سال کے آخر تک مکمل کیا جانا چاہئے۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**